# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 06 February-2026

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۶ رفروری ۲۰۲۶ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

**** **** *****

::::::سرخیاں::::::

پیش ہیں خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ ''پرکشا پہ چرچا'' پروگرام کے ذریعے وزیرِاعظم کی آج طلباء سے بات چیت۔

☆ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں صدرِ جمہوریہ کے خطاب پر تحریکِ تشکر منظور۔

☆ ''بھارت ٹیکسی'' گاڑی خدمات کا مرکزی وزیرِ تعاون کے ہاتھوں افتتاح۔

☆ ضلع پریشد اور پنچایت سمیتی انتخابات کی تشہیری مہم کا اختتام؛ کل ہوگی رائے دہی۔

اور۔۔۔☆ بھارت اور انگلینڈ کے درمیان آج انڈر 19 کرکٹ عالمی کپ کا فائنل مقابلہ۔

**** **** *****

اب خبریں تفصیل سے...

وزیرِاعظم نریندر مودی آج ''پرکشا پہ چرچا'' پروگرام کے تحت طلباء سے بات چیت کریں گے۔ یہ پروگرام آج صبح دس بجے آکاشوانی اور دوردرشن کے مختلف چینلز پر براہِ راست نشر کیا جائے گا۔ وزیرِاعظم' اس پروگرام میں طلباء، والدین اور اساتذہ کے ساتھ تناؤ سے پاک ماحول میں امتحان دینے کی اہمیت اور سکون واطمینان برقرار رکھنے، حوصلہ بڑھانے اور چیلینجز پر قابو پانے سے متعلق رہنمائی کرتے ہیں۔ یہ اس سلسلہ وار پروگرام کی نویں قسط ہے۔

**** **** *****

وزیرِاعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت نے عالمی سطح پر گلوبل ساؤتھ کی بلند آواز کے طور شناخت بنائی ہے۔ وہ کل راجیہ سبھا میں صدرِ جمہوریہ کے خطاب پر تحریکِ تشکر پر بحث کا جواب دے رہے تھے۔

وزیرِاعظم نے کہا کہ بھارت نے گزشتہ چند دنوں میں عالمی سطح پر کئی بڑے تجارتی مفاہمت ناموں پر دستخط کیے ہیں۔ انہوں نے کہا:

**Byte: Prime Minister Narendra Modi**

وزیرِاعظم کے جواب کے بعد راجیہ سبھا میں تحریکِ تشکر کو صوتی ووٹ سے منظور کرلیا گیا۔

دریں اثناء، کانگریس کے قومی صدر اور حزبِ اختلاف کے رہنماء ملکارجن کھرگے نے وزیرِاعظم کے صرف راجیہ سبھا میں جواب دینے پر اعتراض کیا۔ انہوں نے نشاندہی کی کہ راجیہ سبھا ہی پارلیمنٹ کا واحد ایوان نہیں ہے، بلکہ لوک سبھا اور راجیہ سبھا کے اشتراک سے پارلیمنٹ بنتی ہے۔ کھرگے نے سابق فوجی سربراہ منوج نروَنے کی کتاب کا متن پڑھنے کیلئے اسپیکر سے اجازت طلب کی، تاہم' یہ درخواست مسترد کردی گئی۔ جس پر حزبِ مخالف اراکین نے ایوان سے واک آؤٹ کردیا۔

**** **** *****

لوک سبھا نے بھی کل صوتی ووٹ سے صدر کے خطاب پر تحریکِ تشکر منظور کرلیا۔ اس سے قبل کل جب ایوان کی کارروائی کا آغاز ہوا تو اسپیکر اوم برلا نے حزبِ مخالف ارکان کے رویے پر ناراضگی ظاہر کرتے ہوئے اسے ایوان کی حدود کی خلاف ورزی قرار دیا۔ انھوں نے وضاحت کی کہ اپوزیشن کے نا شائستہ رویے کے پیشِ نظر انھوں نے وزیرِ اعظم سے ایوان میں نہ آنے کی درخواست کی تھی۔ اس دوران، اپوزیشن کی زوردار نعرے بازی کی وجہ سے ایوان کی کارروائی بار بار متاثر ہوئی، جس کے بعد لوک سبھا کی کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کر دی گئی۔

**** **** *****

ایپ پر مبنی گاڑیوں کی خدمات فراہم کرنے والی ''بھارت ٹیکسی'' سہولت کا کل سے آغاز ہو گیا۔ نئی دہلی میں مرکزی وزیرِ تعاون امت شاہ کے ہاتھوں اس سہولت کا افتتاح عمل میں آیا۔ یہ ملک کا پہلا تعاون پر مبنی رائیڈ ہیلنگ پلیٹ فارم ہے۔ بھارت ٹیکسی کا تصور ٹرانسپورٹ کے شعبے میں ایک تبدیلی کی پہل ہوگا اور یہ خدمات فراہم کرنے والے ڈرائیور کو سارتھی کہا جائے گا، جس کے ذریعے ''بائیک دیدی'' جیسے اقدامات بھی کیے جا رہے ہیں اور اب تک 150 سے زیادہ خواتین ڈرائیور بھارت ٹیکسی خدمات میں شامل ہو چکی ہیں۔ وزیرِ داخلہ شاہ نے یقین کا اظہار کیا کہ آئندہ تین برسوں میں یہ خدمات پورے ملک میں پھیل جائیں گی۔ انہوں نے کہا:

**Byte: Co-Operation Minister Amit Shah**

**** **** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

**** **** *****

چھتیس گڑھ کے بیجاپور ضلع میں کل آٹھ خواتین سمیت بارہ نکسلیوں نے خودسپردگی کر دی۔ ان سب پر مجموعی طور پر 54 لاکھ روپئے کا انعام رکھا گیا تھا۔ قبل ازیں، کل صبح ہوئے ایک مڈبھیڑ میں ایک نکسلائیٹ مارا گیا تھا۔ خودسپردگی کرنے والے نکسلیوں نے بھی ایک اے کے 47 رائفل سمیت بڑی مقدار میں ہتھیار اور گولہ بارود جمع کیا ہے۔ خودسپردگی کے عمل کے ایک حصے کے طور پر، ہتھیار ڈالنے والے ہر نکسلی کو 50 ہزار روپئے کی فوری مالی امداد بطورِ ترغیب دی گئی ہے۔

گڈ چرولی ضلعے کے بھامراگڑھ تعلقے میں پولس کے ساتھ تصادم میں ایک نکسلائیٹ مارا گیا اور ایک پولس اہلکار زخمی ہو گیا۔ پولس نے اس مقام سے نکسلیوں کے ہتھیار ضبط کیے ہیں۔ اس تصادم میں کچھ اور نکسلائیٹس کے زخمی ہونے یا مارے جانے کا اندازہ ظاہر کیا جا رہا ہے۔

**** **** *****

ریاست کی 12 ضلع پریشدوں اور 125 پنچایت سمیتیوں کے انتخابات کی تشہیری مہم گذشتہ شام ختم ہو گئی۔ ان تمام مقامات پر کل رائے دہی کی جائیگی جبکہ ووٹوں کی گنتی 9 تاریخ کو ہوگی۔ ریاستی انتخابی کمیشن نے ووٹرس کو اپنا نام اور رائے دہی مرکز معلوم کرنے میں سہولت فراہم کرنے کیلئے ''مت ادھیکار'' موبائل ایپ دستیاب کرایا ہے۔

ان انتخابات کے سلسلے میں دھاراشیو ضلعے کے چھ تعلقہ جات میں کُل 15 ہفتہ واری بازار بند رکھنے کا حکم ضلع کلکٹر کیرتی کرن پجار نے جاری کیا ہے۔

**** **** *****

لاتور میونسپل کارپوریشن کے میئر اور ڈپٹی میئر عہدوں کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا عمل مکمل ہو گیا ہے۔ میئر کے عہدے کیلئے جئے شری سون کامبلے اور ڈپٹی میئر کیلئے اسنیہل اُٹگے کی درخواستیں درست قرار دی گئی ہیں اور دونوں کے ناموں کو قطعیت دے دی گئی ہے۔

دریں اثناء، ونچت بہوجن آگھاڑی کی جانب سے نکیتا سوم ونشی نے میئر عہدے کیلئے اور سچن گائیکواڑ نے ڈپٹی میئر کے عہدے کیلئے اپنا امیدواری پرچہ جمع کروایا ہے۔ میئر کا انتخاب آئندہ 9 تاریخ کو ہوگا۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن میں گووند کیندرے کو بھارتیہ جنتا پارٹی کا گروپ لیڈر مقرر کیا گیا ہے۔ پارٹی کے منتخبہ 57 کارپوریٹرس کی کل ڈویژنل کمشنر جتیندر پاپلکر کے روبرو شناختی پریڈ ہوئی۔

اسی دوران' میئر اور ڈپٹی میئر عہدوں کیلئے درخواستیں داخل کرنے کی مہلت آج ختم ہو رہی ہے۔ تاہم' ان دونوں عہدوں کیلئے بی جے پی کے امیدواروں کا ابھی تک فیصلہ نہ ہونے کی وضاحت متعلقہ خبروں میں کی گئی ہے۔

***** ***** *****

بی جے پی کی سجاتا سورج نئی ممبئی میونسپل کارپوریشن کی میئر اور بی جے پی کے ہی دشرتھ بھگت بلا مقابلہ ڈپٹی میئر منتخب ہوئے ہیں۔ شیوسینا کے امیدواروں نے بھی دونوں عہدوں کیلئے درخواستیں داخل کی تھیں، لیکن انھوں نے دستبرداری اختیار کرلی۔ شیوسینا ادھو بالا صاحب ٹھاکرے پارٹی کے دو کارپوریٹر، ایم این ایس کے ایک کارپوریٹر اور ایک آزاد کارپوریٹر نے بھی بی جے پی کی حمایت کی۔

***** ***** *****

سابق وزیرِ اعلی اور رکنِ پارلیمان اشوک چوہان نے کہا ہے کہ مرکزی وزیرِ خزانہ نرملا سیتارمن کا پیش کردہ نواں بجٹ ملک کو سمت دینے والا ہے۔ وہ کل ناندیڑ میں ایک صحافتی کانفرنس سے مخاطب تھے۔ چوہان نے کہا کہ اس بجٹ سے ترقی یافتہ بھارت کا ہدف واضح ہوتا ہے۔

***** ***** *****

19 برس سے کم عمر کھلاڑیوں کے کرکٹ عالمی کپ کا فائنل میچ آج بھارت اور انگلینڈ کے مابین کھیلا جائے گا۔ زمبابوے کے ہرارے کرکٹ میدان میں ہونے والا یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق دوپہر ایک بجے شروع ہوگا۔ بھارتی ٹیم اس ٹورنامنٹ میں اب تک ناقابلِ تسخیر رہی ہے۔ ساتھ ہی سب سے زیادہ بار عالمی کپ جیتنے کا ریکارڈ بھی بھارتی ٹیم کے پاس ہے۔

***** ***** *****

ٹی ٹوئنٹی کرکٹ عالمی کپ کا کل سے آغاز ہو رہا ہے۔ بھارت اور سری لنکا اس ٹورنامنٹ کی مشترکہ میزبانی کریں گے اور ٹورنامنٹ کے افتتاحی میچ میں کولمبو میں پاکستان اور نیدرلینڈ کی ٹیمیں آمنے سامنے ہوں گی، جبکہ کولکتہ میں ویسٹ انڈیز اور اسکاٹ لینڈ کا میچ اور ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں بھارت اور امریکہ کی ٹیمیں آمنے سامنے ہوں گی۔

***** ***** *****

## ::::::سرخیاں::::::

**اور آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر...**

☆ ''پرکشا پہ چرچا'' پروگرام کے ذریعے وزیر اعظم کی آج طلباء سے بات چیت۔

☆ پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں صدرِ جمہوریہ کے خطاب پر تحریکِ تشکر منظور۔

☆ ''بھارت ٹیکسی'' گاڑی خدمات کا مرکزی وزیرِ تعاون کے ہاتھوں افتتاح۔

☆ ضلع پریشد اور پنچایت سمیتی انتخابات کی تشہیری مہم کا اختتام؛ کل ہوگی رائے دہی۔

اور۔۔۔☆ بھارت اور انگلینڈ کے درمیان آج انڈر 19 کرکٹ عالمی کپ کا فائنل مقابلہ۔

**** **** *****

**اس کے ساتھ ہی آکاشوانی سے علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

**ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔**

**** **** *****